## لاہور کے اسپتالوں میں خواتین شہداء کی بے حرمتی کا عمل ملک بھر کے انسانیت پسند عوام کیلئے لمحہ فکر یہ ہے، الطاف حسین

## لاہور میں خواتین کی بے حرمتی کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اوذ مہ داروں کو عبرتناک سزادی جائے

لندن۔۔۔11، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لاہور میں مون مارکیٹ میں بم دھماکوں میں جاں بحق ہونے والی خواتین کی بے حرمتی کے واقعات پر گہرے دکھ اور صدمے کا اظہار کیا ہے اور ان واقعات کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سانحہ مون مارکیٹ لاہور میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین کی جانب سے انکشاف کیا گیا ہے کہ لاہور کے اسپتالوں میں جاں بحق ہونے والی خواتین کی بے حرمتی کی گئی، لاشوں کے جسم پر موجود کپڑے اتارے گئے اور لاشوں کو چادر سے ڈھانپنے کے بجائے کھلا چھوڑ دیا گیا جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب متاثرہ خاندانوں کو دلاسے اور حوصلہ دینے اور شہداء کے لواحقین کا غم بانٹنے کی ضرورت تھی بے حس اور بے ضمیر افراد کی جانب سے خواتین شہداء کی بے حرمتی کا عمل ملک بھر کے انسانیت پسند عوام کیلئے لمحہ فکر یہ ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ سانحہ لاہور میں جاں بحق ہونے والی خواتین کی بے حرمتی کے واقعات کا حکومت، سیاسی و مذہبی جماعتوں اور انسانی حقوق کی تنظیموں کو فوری نوٹس لینا چاہئے اور اس کے ذمہ دار عناصر کو سخت سے سخت سزا دلانی چاہئے۔جناب الطاف حسین نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر پنجاب سلمان تاثیر اور وزیراعلیٰ پنجاب میاں شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ لاہور کے اسپتالوں میں شہید خواتین کی بے حرمتی کے واقعات کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور اس کے ذمہ داروں کو گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے۔

## جماعت اسلامی بہتان تراشیوں کے ذریعہ اپنے ملک دشمن عزائم پر پردہ نہیں ڈال سکتی، قاسم علی رضا

## جماعت اسلامی پاکستان کی سلامتی وبقاء کے خلاف سازشیں کر کے ملک دشمن عناصر کے کون سے مکروہ عزائم کی تکمیل کرنا چاہتی ہے؟

## جماعتی رہنماء قوم کو جواب دیں کہ ندیم احمد شاہ، جماعت اسلامی کے رکن کے بھائی ہیں یا نہیں؟

لندن۔۔۔11، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن قاسم علی رضا نے جماعت اسلامی کے ترجمان کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت اسلامی بہتان تراشیوں کے ذریعہ اپنے سیاہ کرتوتوں اور ملک دشمن عزائم پر پردہ نہیں ڈال سکتی۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں قانون نافذ کرنے والے اداروں نے جاسوسی کے الزام میں جماعت اسلامی کے رکن کے بھائی اور سابق پائلٹ ندیم احمد شاہ کو گرفتار کیا ہے جبکہ اس سے قبل جی ایچ کیو پر حملے میں ملوث عقیل عرف ڈاکٹر عثمان کے بارے میں بھی ثابت ہو چکا ہے کہ اس کا تعلق جماعت اسلامی سے ہے اسی طرح سری لنکن ٹیم پر مسلح حملے میں ملوث افراد کے بارے میں بھی انکشاف ہو چکا ہے کہ وہ جماعت اسلامی کے ہیڈ کوارٹر منصورہ میں قیام پذیر تھے جہاں سے انہیں اسلحہ فراہم کیا گیا تھا اور قوم جانتی ہے کہ القاعدہ اور طالبان کے بدنام زمانہ دہشت گردوں کی گرفتاری جماعت اسلامی کے رہنماؤں کے گھروں سے عمل میں آ چکی ہے۔قاسم علی رضا نے کہا کہ دنیا جانتی ہے کہ جماعت اسلامی نے قیام پاکستان کی مخالفت کی تھی اور مذکورہ بالا حقائق سے یہ بات ایک مرتبہ پھر کھل کر سامنے آ چکی ہے کہ قومی سلامتی وبقاء کے خلاف گھناؤنی سازشوں میں مصروف ہے۔قاسم علی رضا نے کہا کہ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ جماعت اسلامی کے رہنماء قوم کو آگاہ کرتے کہ قومی سلامتی کے خلاف سازشیں کرنے اور جاسوسی کے الزام میں گرفتار کئے گئے ندیم احمد شاہ، جماعت اسلامی کے رکن کے بھائی ہیں یا نہیں اس کے بجائے جماعتی رہنماؤں نے روایتی منافقت کا مظاہرہ کرتے ہوئے قوم کو اصل حقائق سے آگاہ کرنے کے بجائے عوام کو گمراہ کرنے کا سلسلہ شروع کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے باشعور عوام جماعت اسلامی کی منافقانہ سیاست سے اچھی طرح واقف ہو چکے ہیں یہی وجہ ہے کہ ہر عام انتخابات میں ملک بھر کے عوام جماعت اسلامی کو مسترد کرتے چلے آ رہے ہیں اور جماعت اسلامی ایم کیوایم پر بہتان تراشیوں کے ذریعہ اپنے سیاہ کرتوتوں اور ملک دشمن عزائم پر پردہ نہیں ڈال سکتی۔قاسم علی رضا نے جماعتی رہنماؤں سے کہا کہ وہ ایم کیوایم پر بے بنیاد الزامات عائد کرنے کے بجائے قوم کو جواب دے کہ ندیم احمد شاہ، جماعت اسلامی کے رکن کے بھائی ہیں یا نہیں اور جماعت اسلامی پاکستان کی سلامتی وبقاء کے خلاف گھناؤنی سازشیں کر کے ملک دشمن عناصر کے کون سے مکروہ عزائم کی تکمیل کرنا چاہتی ہے۔

## ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد صرف پاکستان میں چہروں کی تبدیلی نہیں، ڈاکٹر فاروق ستار
## ایم کیوایم نظام کی مستقل تبدیلی چاہتی ہے، عارضی تبدیلی کبھی بھی مسائل کا حل نہیں ہوا کرتی

دبئی۔۔۔11، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی ڈپٹی کنونیر وسمندر پار پاکستانیوں کے وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد صرف پاکستان میں چہروں کی تبدیلی نہیں بلکہ متحدہ قومی موومنٹ ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کو دو فیصد استحصالی طبقہ کی جانب سے انکے ضبط شدہ بنیادی حقوق کر ملک میں برسوں سے رائج فرسودہ، سردارانہ وڈیرانہ، جاگیردارانہ نظام کی عارضی نہیں مستقل تبدیلی چاہتی ہے کیونکہ عارضی تبدیلی کبھی بھی مسائل کا حل نہیں ہوا کرتی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محبان پاکستان (اوورسیز) متحدہ عرب امارات کے تحت دبئی میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں مرکزی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین اور متحدہ عرب امارات کی مختلف ریاستوں بشمول، شارجہ، ابوظہبی، العین اور عجمان میں قائم یونٹ کمیٹیوں کے اراکین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ڈاکٹر فاروق ستار کہا کہ یہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریہ کی سچائی ہی تو ہے جو آج متحدہ قومی موومنٹ کا پیغام کراچی وسندھ سے نکل کر کشمیر اور گلگت بلتستان تک پہنچ چکا ہے اور متحدہ قومی موومنٹ پورے ملک میں مقبول ہورہی ہے، آج اس ملک کے حقیقی وارث اٹھانوے فیصد متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والی عوام خوب اچھی طرح جان چکے ہیں کہ ان کے بنیادی حقوق کسی غیر نے نہیں بلکہ پاکستان پر برسوں سے حکمرانی کرنے والے دو فیصد مراعات یافتہ استحصالی طبقہ سے تعلق رکھنے والے سرداروں، جاگیرداروں، وڈیروں، چوہدریوں اور سرمایہ داروں نے غصب کررکھے ہیں اور یہ دو فیصد مراعات یافتہ استحصالی طبقہ آج بھی ملک کی تقدیر کا مالک بنا بیٹھا ہے اس طبقہ کو پاکستان یا اس کے عوام کے درد سے کوئی سروکار نہیں انہیں اگر کوئی فکر ہے تو صرف اور صرف اپنی دولت اور اقتدار کی، یہ دو فیصد مراعات یافتہ استحصالی طبقہ اور مذہب کے نام پر سیاست کرنے والے عناصر ہی کی وجہ سے پاکستان کا امیج دنیا بھر میں خراب ہورہا ہے، آج ملک کو ایک ایسے لیڈر کی تلاش ہے جو عوام میں سے ہو جوان کا درد سمجھتا ہو اور جوان کے مسائل کی صحیح ترجمانی کرتا ہو۔ انہوں نے کہا کہ آج ملک بھر کے عوام کی نظریں متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے قائد الطاف حسین پر لگی ہوئی ہیں کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے قائد الطاف حسین کی غریب ومتوسط طبقے کے بنیادی حقوق کے حصول کیلئے کی جانے والی جدوجہد حق پرستی اور سچ پر مبنی ہے اور متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے قائد الطاف حسین جو کہتے ہیں وہ کرتے بھی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام اچھی طرح جان چکے ہیں کہ ملک کو اگر موجودہ صورتحال سے کوئی نکال سکتا ہے تو وہ صرف اور صرف متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے قائد الطاف حسین ہی ہیں اور یہی ایک امید کی واحد کرن بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اور اس کے قائد الطاف حسین ہی تو ہیں جو عرصہ دراز سے چلا چلا کر ملک کے عوام کو طالبانائزیشن اور اس کے بڑھتے ہوئے خطرات سے آگاہ کرتے رہے ہیں یہ متحدہ قومی موومنٹ ہی تو تھی جس نے سب سے پہلے طالبان کی جانب سے بزور طاقت اسمبلی میں منوائے جانیوالے نظام عدل بل کی اصولوں اور حقائق کو سامنے رکھ کر مخالفت کی تھی۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کی تربیت اور فکر وفلسفہ کا نتیجہ ہی تو ہے جو آج تک ملک کی دولت لوٹنے والوں اور قرض نادہندگان کی فہرست میں متحدہ قومی موومنٹ کے کسی وزیر، مشیر، ایم پی اے اور ایم این اے یا کسی بھی سطح کے کارکن کا نام نہیں ہے کیونکہ متحدہ قومی موومنٹ کے اندر قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کی روشنی میں ایک خود احتسابی کا عمل جاری رہتا ہے اور یہ بات طے شدہ ہے کہ انقلابی تحریکوں کی کامیابیوں میں خود احتسابی کا بڑا عمل دخل ہوتا ہے اور متحدہ قومی موومنٹ ایک انقلابی تحریک ہے جو ملک میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کا انقلاب لا کر رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ آج ایم کیوایم نے پورے ملک کو قائد تحریک الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی پر مبنی ایک ایسا وژن دیا ہے جس کی وجہ سے متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر ہی میں نہیں بلکہ بیرون ملک بھی مقبول ہورہی ہے اور آج متحدہ عرب امارات میں ساتھیوں کا یہ اجتماع اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ اب یہ قافلہ حق پرستی رکنے والا نہیں اور عنقریب متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے پنجاب میں ورکرز کنونشن منعقد کیا جائے گا جو نہ صرف پنجاب بلکہ پاکستان کی تاریخ میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا اور آج متحدہ قومی موومنٹ کے کارکنان خصوصاً اوورسیز کے کارکنان پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ قائد تحریک کے پیغام حق پرستی کو پاکستان میں بسنے والی تمام قومیتوں میں پھیلانے کیلئے اپنا کردار ادا کریں، ملک کی صورتحال وحالات سے باخبر رہیں ایک دوسرے سے روابط مضبوط کریں، انفرادی مفادات کے بجائے اجتماعی مفادات کو ترجیح دیں کیونکہ ایم کیوایم اوورسیز کے کارکن بیرون ملک قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریہ کے سفیر ہیں۔ اس موقع پر مرکزی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن محسن فہیم نے ڈاکٹر فاروق ستار سے متحدہ عرب امارات کی تمام ریاستوں میں کام کرنے والے محبان پاکستان (اوورسیز) متحدہ عرب امارات کے تمام یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان کا تعارف کرایا اور محبان پاکستان (اوورسیز) متحدہ عرب امارات کی اب تک کی تنظیمی سرگرمیوں سے تفصیل سے آگاہ کیا جسے ڈاکٹر فاروق ستار نے بے حد سراہا۔

## الطاف حسین کی تجاویز اوران پرعملدرآمد سے ہی ملک وقوم کودہشت گردی سے نجات مل سکتی ہے،ارکان قومی اسمبلی
## دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم پالیسی بنانے اورانسداد دہشت گردی کیلئے مستقل ادارہ
## قائم کرنے کی جتنی ضرورت آج ہے اس سے قبل نہیں تھی

کراچی۔۔۔11،دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تجاویز اوران پرعملدرآمد سے ہی ملک وقوم کو دہشت گردی سے نجات مل سکتی ہے اور بحرانوں سے نکالا جاسکتا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد رہنما ہیں جو ہمیشہ ملک کے نازک ترین حالات میں مثبت تجاویز دیتے رہے ہیں اور طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کے حوالے سے بھی جناب الطاف حسین نے جس طرح سے آواز بلند کی وہ تاریخ کا حصہ بن چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک دہشت گردی، بم دھماکوں اور تخریب کاری کی کارروائیوں کا مزید متحمل نہیں ہوسکتا، دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم پالیسی بنانے اورانسداد دہشت گردی کیلئے مستقل ادارہ قائم کرنے کی جتنی ضرورت آج ہے اس سے قبل نہیں تھی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم دہشت گردی کے خلاف ہرمحاذ پرحکومت اور مسلح افواج کے ساتھ ہے اور ملک بھر کے عوام ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد سے واقف ہوچکے ہیں اوراب وہ ایم کیوایم کو ہی ملک کی بقاء کیلئے آخری امید کے طور پر دیکھ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے ماضی میں بھی ہمیشہ عوامی خواہشات کا احترام کیا ہے اور ایسے مثبت فیصلے کئے ہیں جن کے دوررس نتائج برآمد ہوئے ہیں اورانشاءاللہ دہشت گردی کے خلاف بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تجاویز اور حکمت عملی پرعملدرآمد انتہائی سودمند ثابت ہوگا۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ دہشت گردی کے عفریت سے نمٹنے کیلئے فی الفور نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم پالیسی بنائی جائے اورانسداد دہشت گردی کیلئے مستقل ادارہ قائم کیا جائے تاکہ دہشت گردوں کے مذموم عزائم کوناکام کیا جاسکتا ہے اور ملک وقوم کی سالمیت اورخودمختاری اوراستحکام کومضبوط بنایا جاسکتا ہے۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان کی حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کے سالانہ عرس میں شرکت،الطاف حسین کی جانب سے چادر چڑھائی

کراچی۔۔۔11،دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ڈاکٹر صغیر احمد اور اشفاق منگی نے حضرت عبداللہ شاہ غازیؒ کے سالانہ عرس کی اختتامی تقریب میں شرکت کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پرحاضری دیکر چادر چڑھائی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ اولیاء کرام اورصوفیاء کرام نے پیار،امن ومحبت کی تعلیمات کوفروغ دیا ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ اورنظریہ بھی حق پرستی پرمبنی ہے،جس میں پیار،محبت اور بھائی چارگی موجود ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے اس موقع پر ملک سے دہشت گردی کے خاتمے، ملک کی ترقی وخوشحالی،عوام کے درمیان پیار،محبت اور بھائی چارگی کے قیام اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اورصحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔

## کراچی ایئرپورٹ پرمسلم لیگ کے کارکنوں کی جانب سے صحافیوں کوتشدد کا نشانہ بنانا آزادی صحافت پرکھلا حملہ ہے،رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔11،دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی ایئرپورٹ پرمسلم لیگ ن کے کارکنوں کی جانب سے صحافیوں کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اوراسے آزادی صحافت پر قدغن قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ مسلم لیگ ن کی جانب سے پنجاب کے بعد کراچی میں صحافیوں کوتشدد کا نشانہ بنانے کے عمل سے ثابت ہوچکا ہے کہ اس کے نزدیک صحافت کے معزز پیشے کی کوئی اہمیت نہیں ہے اورصحافیوں پرتشدد کے واقعات آزادی صحافت پر کھلے حملے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ مسلم لیگ ن کے کارکنوں کی جانب سے صحافیوں کو بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنانے کا سختی سے نوٹس لیا جائے اورصحافیوں پرتشدد کے مسلسل واقعات کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے۔

## ایم کیوایم اولڈلیاری سیکٹر کے کارکن محمد عاصم ذکی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔11،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اولڈلیاری سیکٹر یونٹ یوسی 7 بہار کالونی کے کارکن محمد عاصم ذکی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم اولڈلیاری سیکٹر کے کارکن محمد عاصم ذکی انتقال کر گئے،رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ اولڈلیاری سیکٹر یونٹ یوسی 7 بہار کالونی کے کارکن محمد عاصم ذکی علالت کے باعث انتقال کر گئے۔مرحوم گردے کے عارضے میں مبتلا تھے اور طبیعت کی خرابی کے باعث مقامی اسپتال میں زیر علاج تھے لیکن تمام کوششوں کے باوجود وہ جانبر نہ ہو سکے اور آج صبح انتقال کر گئے۔مرحوم کے سوگواران میں بیوہ اور ایک بیٹا شامل ہے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے محمد عاصم ذکی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن یاسر شہید کے والد،قصبہ علی گڑھ سیکٹر کے کارکن کے والد اور بلدیہ ٹاؤن کے بزرگ کارکن کے بھائی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔11،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن یاسر شہید کے والد محمد اکرم قریشی،ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 131 کے کارکن جاوید دوست محمد کے والد دوست محمد،ایم کیوایم ایلڈرز ونگ بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ A-112 کے کارکن محمد عالم کے بھائی محمد انور کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## اے این پی مردان کے سابق رکن قومی اسمبلی حاجی نسیم الرحمٰن کے والد کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔11،دسمبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے مردان کے عوامی نیشنل پارٹی کے سابق رکن قومی اسمبلی حاجی نسیم الرحمٰن کے والد کے انتقال گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے حاجی نسیم الرحمٰن سمیت مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وافسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے بھی حاجی نسیم الرحمٰن سے ان کے والد کے انتقال پر دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت،ان کے بلند درجات اور سوگواران صبر کیلئے دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆